**شعبہ مالیات**

**آئی آئی چندریگر روڈ**

**کراچی**

ایف ڈی سرکلر نمبر 07 برائے 2020ء

22 اکتوبر 2020ء

تمام ایجنٹ بینکوں کے

چیف ایگزیکٹوز / صدور،

**محترم / محترمہ،**

**<u>اسلامی 'نیا پاکستان' سرٹیفکیٹ میں سرمایہ کاری کے لیے معیاری طریقہ کار (ایس او پی)</u>**

خزانہ ڈویژن، حکومت پاکستان نے ایس آر او 2020/(I)964 بتاریخ 5 اکتوبر 2020ء کی رو سے اسلامی 'نیا پاکستان' سرٹیفکیٹ (آئی این پی سی) میں سرمایہ کاری کے لیے شریعہ اسٹرکچر جاری کیا (<u>ضمیمہ الف</u>)؛ چنانچہ بینک دولت پاکستان گزٹ اعلامیہ نمبر ایس آر او 2020/(I)817 بتاریخ 8 ستمبر 2020ء (<u>ضمیمہ ب</u>) کی رو سے حکومت پاکستان کے جاری کردہ 'نیا پاکستان' این پی سی ضوابط (این پی سی ضوابط)، 2020ء کے ضابطہ-20 کی پیروی میں آئی این پی سی میں سرمایہ کاری کے لیے معیاری طریقہ کار (ایس او پی) جاری کر رہا ہے۔

**الف۔ خصوصی مقصد کے وثیقے کی تشکیل:**

حکومتِ پاکستان نے کلّی ملکیت والا خصوصی مقصد کا وثیقہ اسلامی این پی سی کمپنی لمیٹڈ (آئی این پی سی سی ایل) کے نام سے تشکیل دیا ہے جو اپنے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے دائرہ اختیار کے تحت چلایا جائے گا۔ آئی این پی سی سی ایل امریکی ڈالر اور پاکستانی روپے میں آئی این پی سی ایجنٹ بینکوں اور سرمایہ کاروں کو جاری کرے گا۔

**ب۔ مضاربہ پُول کا قیام:**

امریکی ڈالر اور پاکستانی روپے میں آئی این پی سی کے اجرا کے لیے آئی این پی سی سی ایل مذکورہ دونوں کرنسیوں میں دو مضاربہ پُول قائم کرے گی۔ ایجنٹ بینک متعلقہ پُولز میں مجموعی طور پر 20 ملین امریکی ڈالر اور 5 ہزار ملین پاکستانی روپے سے ابتدائی سرمایہ کاری کریں گے جس کے لیے وہ اپنے لیے مختص کردہ آئی این پی سی خریدیں گے۔ ہر پول میں آئی این پی سی سی ایل کی طرف سے دی گئی رقم کو اس طرح استعمال کیا جائے گا کہ شریعت سے ہم آہنگ مالکاری وفاقی حکومت کو فراہم کی جائے گی۔ ایجنٹ بینکوں کی سرمایہ کاری عبوری نوعیت کی ہوگی جسے انفرادی سرمایہ کاروں سے سرمایہ کاری کے حصول پر نکالا یا واپس ادا کیا جاسکے گا۔ اسی طرح ایجنٹ بینک اس بات کے ذمہ دار ہوں گے کہ جب سرمایہ

کار رقم کا انفکاک(redemption) کریں یا قبل از وقت واپس نکال لیں تو مضاربہ پُولز میں سیالیت شامل کریں جس کے لیے وہ ایجنٹ بینکوں کے لیے مختص کردہ آئی این پی سی دوبارہ خریدیں گے۔

ایجنٹ بینکوں کے اُن کلائنٹس کو، جو روشن ڈجیٹل اکاؤنٹس چلا رہے ہوں، آئی این پی سی کی فروخت کے لیے آئی این پی سی ایل ایجنٹ بینکوں کے ساتھ ایجنسی معاہدہ کرے گی۔ آئی این پی سی ایل یہ چیزیں بھی بتائے گی: متوقع شرحیں، شرح شراکتِ منافع (پی ایس آر)، اور آئی این پی سی کی مختلف میعادوں اور زمروں پر، اور ایجنٹ بینکوں کے امریکی ڈالر اور پاکستانی روپے کے پُولز میں سرمایہ کاری پر لاگو ہونے والے اوزان(weightages) جو آئی این پی سی کے اجرا کے لیے آئی این پی سی ایل چلا رہی ہو۔ ایجنٹ بینک بھی ہر ماہ کے آغاز پر آئی این پی سی کی ہر میعاد کے لیے شرح شراکتِ منافع اور اوزان اپنے ویب پیج پر ظاہر کریں گے۔

### ج۔ آئی این پی سی میں سرمایہ کاری کا طریقہ کار:

1) **آئی این پی سی کی پیشکش اور خریداری:**

الف) آئی این پی سی ایل برقی طریقے سے(scrip-less format) آئی این پی سی جاری کریں گے جنہیں اہل افراد فارن کرنسی ویلیو اکاؤنٹ (ایف سی وی اے) یا این آر پی ویلیو اکاؤنٹ (این آر وی اے) کے ذریعے خریدیں گے (جیسا کہ این پی سی ضوابط، 2020ء کے ضابطہ 3 میں بتایا گیا ہے) جن کو ایجنٹ بینک بطور 'روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ' مشتہر کر رہے ہیں۔

ب) آئی این پی سی میں سرمایہ کاری کے لیے رقوم لازماً بیرونِ ملک سے سرمایہ کار کے ایف سی وی اے یا این آر وی اے میں 30 جون 2020ء کے بعد آنی چاہئیں۔

ج) آئی این پی سی ایل کے درج ذیل ایجنٹ بینکوں کے ویب لنک کے ذریعے آئی این پی سی ڈجیٹل صورت میں پیش کیے جائیں گے:

| | |
|---|---|
| **بینک الفلاح** | https://ips.bankalfalah.com/ops/IdentityVerification.aspx?type=islamic |
| **میزان بینک لمیٹڈ** | https://www.meezanbank.com/roshan-digital-account/ |
| **فیصل بینک** | https://www.faysalbank.com/en/roshan-digital-accounts-for-overseas-pakistanis/ |
| **حبیب بینک لمیٹڈ** | https://www.hbl.com/personal/remittance/ebanc-roshan-digital-account/ebanc-roshan-digital-account |
| **ایم سی بی بینک** | https://mopss.mcb.com.pk/ |
| **سامبا بینک** | https://www.samba.com.pk/samba/banking-detail/roshan-digital-account-opening-facility |

| | |
|---|---|
| | |
| **یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ** | https://ubldigital.com/NRP-Services/Digital-OPS-Account-Opening |
| **اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک** | https://www.sc.com/pk/save/roshan-digital-account.html |

د) سرمایہ کار حضرات اپنی پسند کے مطابق پاکستانی روپے اور / یا امریکی ڈالر مالیت میں 3 ماہی، 6 ماہی، 12 ماہی 3 سال اور 5 سال مدت کے آئی این پی سی خرید سکتے ہیں۔

ہ) ہر مدت کے سرٹیفکیٹ میں سرمایہ کاری کی رقم درج ذیل کے مطابق ہو گی:

| | |
|---|---|
| **امریکی ڈالر والے آئی این پی سی** | کم از کم سرمایہ کاری 5000 امریکی ڈالر، جن میں ایک ایک ہزار امریکی ڈالر مزید شامل کیے جاسکتے ہیں۔ |
| **پاکستانی روپے والے آئی این پی سی** | کم از کم سرمایہ کاری ایک لاکھ پاکستانی روپے، جن میں دس دس ہزار پاکستانی روپے مزید شامل کیے جاسکتے ہیں۔ |

و) 3 ماہی، 6 ماہی اور 12 ماہی مدت کے آئی این پی سی کا منافع عرصیت کی تکمیل پر اصل رقم کے ساتھ یا قبل از وقت انکیشمنٹ کے ساتھ ادا کیا جائے گا۔ جبکہ 3 سال اور 5 سال مدت کے آئی این پی سی کا منافع ششماہی بنیاد پر ادا کیا جائے گا۔

ز) آئی این پی سی کی خریداری کے لیے سرمایہ کار برقی طریقے سے آرڈر دے گا جس کے لیے وہ اپنے متعلقہ ایجنٹ بینک کے این پی سی ویب پیج پر جا کر سرمایہ کاری کی تفصیلات مثلاً کرنسی، مدت اور سرمایہ کاری کی رقم درج کرے گا۔

ح) سرمایہ کاری کی اس درخواست کو قبول کرنے سے پہلے ایجنٹ بینک یہ یقینی بنائیں گے کہ سرمایہ کار نے آئی این پی سی میں سرمایہ کاری کی شرائط وضوابط پڑھ لی ہیں اور سرمایہ کار اور آئی این پی سی ایل کے مابین مضاربہ معاہدے پر، جو **ضمیمہ سی-1 / ضمیمہ سی-2** کی صورت میں منسلک ہیں، ڈجیٹل دستخط کر دیے ہیں۔

ط) پاکستانی روپے والے آئی این پی سی سرمایہ کاروں کے صرف این آر وی اے میں موجود رقم سے خریدے جاسکتے ہیں، جبکہ امریکی ڈالر والے آئی این پی سی سرمایہ کاروں کے صرف ایف سی وی اے میں موجود رقم سے خریدے جاسکتے ہیں۔ جن سرمایہ کاروں کے ایف سی وی اے امریکی ڈالر کے علاوہ کسی اور کرنسی میں ہوں گے اُس صورت میں بینک

سرمایہ کاروں کے اکاؤنٹ سے اتنی رقم لین دین کے وقت متعین شرحِ مبادلہ لاگو کرتے ہوئے منہا کرلیں گے جتنی رقم درخواست کردہ امریکی ڈالر کے مساوی ہوگی تاکہ امریکی ڈالر والے آئی این پی سی میں سرمایہ کاری کا عمل مکمل ہو سکے۔

ی) ایجنٹ بینک سرمایہ کار کے اکاؤنٹ سے اُس کی ہدایت کے مطابق مالیت کے برابر رقم نکالنے کے بعد ایف سی وی اے یا این آر وی اے کے مالکان سے موصولہ احکام بلحاظ مدّت جمع (consolidate) کریں گے، اور یہ کام یومِ کار کے دوران پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق دوپہر ایک بجے تک کریں گے، اور اسے منسلک فارمیٹ (**ضمیمہ ڈی**) کے ذریعے اسٹیٹ بینک کے ڈیٹا ایکوزیشن پورٹل (ڈی اے پی) کے توسط سے اسی روز پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق دوپہر ڈھائی بجے اسٹیٹ بینک کو منتقل کردیں گے تاکہ اسے آگے آئی این پی سی سی ایل کو بھیج دیا جائے۔

ک) امریکی ڈالر والے آئی این پی سی کی خریداری کی صورت میں ایجنٹ بینکوں کے پاس دو راستے ہوں گے: وہ آئی این پی سی کی خریداری کی رقم اسٹیٹ بینک میں موجود اپنے یو ایس ڈی کلیئرنگ اکاؤنٹ کے ذریعے اسٹیٹ بینک کو پہنچا دیں، یا پھر فیڈرل ریزرو بینک آف نیویارک، یو ایس اے کے پاس موجود اسٹیٹ بینک کے نوسٹرو اکاؤنٹ کو رقم منتقل کر دیں۔ اسٹیٹ بینک کے نوسٹرو اکاؤنٹ کی تفصیلات ذیل میں دی گئی ہیں:

| | |
|---|---|
| **استفادہ کرنے والے بینک کا نام** | فیڈرل ریزرو بینک آف نیویارک، نیویارک، یو ایس اے |
| **استفادہ کرنے والے اکاؤنٹ کا نام** | اسٹیٹ بینک آف پاکستان، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، پاکستان |
| **استفادہ کرنے والے اکاؤنٹ کا نمبر** | 021085172 |
| **استفادہ کرنے والے بینک کا سوئفٹ کوڈ/بی آئی سی** | FRNYUS33 |

لین دین کے اخراجات، جن میں متعلقہ بینک کے چارجز کے علاوہ چارجز بھی ممکن ہیں، بینکوں کے اکاؤنٹ پر عائد ہوں گے، اور آئی این پی سی کی خریداری کی پوری رقم کی ایس بی پی کے نوسٹرو اکاؤنٹ کو منتقلی کا عمل بینک یقینی بنائیں گے۔ اگر ملکی کلیئرنگ یو ایس ڈی اکاؤنٹ کے ذریعے ادائیگی کی جارہی ہے تو ایجنٹ بینک ان آئی این پی سی کی خریداری کی پوری رقم ایس بی پی بی ایس سی کراچی کے پاس موجود اپنے ملکی کلیئرنگ یو ایس ڈی اکاؤنٹ سے نکال کر اسٹیٹ بینک کو منتقل کرنے کی اجازت دیں گے۔

ل) پاکستانی روپے والے آئی این پی سی کی خریداری کی صورت میں ایجنٹ بینک اسٹیٹ بینک کو اختیار دیں گے کہ وہ اِن آئی این پی سی کی خریداری کی مجموعی مالیت اپنے پاکستانی روپے والے اُن اکاؤنٹس سے منہا کرلے جو اسٹیٹ بینک میں موجود ہیں اور وہ رقم آئی این پی سی سی ایل کو بھیج دی جائے جو متعلقہ بینک کے ایس جی ایل اے اکاؤنٹ (آئی پی ایس ہولڈنگ) کو کریڈٹ کے برعکس مذکورہ عرصیتوں کے آئی این پی سی جاری کردے۔

م) امریکی ڈالر کلیئرنگ اکاؤنٹ سے، یا جو بھی صورت ہو، یا متعلقہ بینک کے پاکستانی روپے میں کرنٹ اکاؤنٹ سے رقم نکالنے کے بعد اسٹیٹ بینک اپنے پاس موجود آئی این پی سی سی ایل میں وہ رقم جمع کرائے گا۔ آئی این پی سی سی ایل رقم کی وصولی کے بعد اُسی روز درخواست کنندہ ایجنٹ بینک کو ہر مدت کے آئی این پی سی جاری کرے گی جس پر آئی این پی

سی سی ایل سبسڈیری جنرل لیجر اکاؤنٹ (آئی این پی سی سی ایل-ایس جی ایل اے) کے ذریعے آرڈر دے دیا جائے گا اور ایجنٹ بینک کے آئی پی ایس ہولڈنگ اکاؤنٹ میں مطلوبہ رقم ادا کر دی جائے گی۔ ایجنٹ بینک اِن سرٹیفکیٹس کو سرمایہ کاروں میں تقسیم کرنے کے لیے اُن کی سرمایہ کاری کی درخواست کے مساوی رقم ان کے انفرادی آئی پی ایس اکاؤنٹس میں جمع کرا دیں گے۔ تاہم جب آرڈر کی مالیتِ خریداری اسٹیٹ بینک کے مذکورہ بالا نوسٹرو اکاؤنٹ کو بھیجی جائے گی تو آئی این پی سی سی ایل T + 1 بنیاد پر اسی طرح آئی این پی سی جاری کرے گی۔

**د۔ میعادی ادائیگیوں کا طریقہ کار:**

**1۔ منافع کی میعادی ادائیگی:**

الف) آئی این پی سی سی ایل 3 سالہ اور 5 سالہ عرصیتوں کے آئی این پی سی پر اُن کی متعلقہ کرنسیوں میں صرف ششماہی بنیاد پر منافع کی میعادی ادائیگی کرے گی۔

ب) منافع کی میعادی ادائیگی کے لیے ششماہی مدت کا تعین آئی این پی سی کی تاریخِ اجرا سے ہوگا۔ مثال کے طور پر اگر آئی این پی سی 20 اکتوبر 2020ء کو جاری ہوئے ہیں تو منافع 20 اپریل 2021ء کو ادا ہوگا، اور بعد میں اسی طرح ششماہی بنیاد پر ادائیگی کی جاتی رہے گی۔ چونکہ آئی این پی سی سی ایل ہر پُول کے نفع / نقصان کا تخمینہ ماہانہ بنیاد پر لگائے گا اس لیے نامکمل مہینے کا منافع تازہ ترین مکمل مہینے کے نفع / نقصان کی بنیاد پر معلوم کیا جائے گا، مثال کے طور پر مذکورہ مثال میں اپریل 2021ء کے 20 دنوں کا منافع مارچ 2021ء کے نفع / نقصان کی بنیاد پر معلوم کیا جائے گا۔

ج) آئی این پی سی سی ایل متعلقہ واجب الادا تاریخوں پر آئی این پی سی پر منافع کی میعادی ادائیگی (ٹیکس نکالنے کے بعد، جیسا کہ این پی سی ضوابط، 2020ء کے ضابطہ نمبر 18 میں بتایا گیا ہے) کے لیے ایس بی پی بی ایس سی کراچی کو ہدایت کرے گی کہ بینک کے یو ایس ڈی کلیئرنگ اکاؤنٹ میں، یا جیسا کہ صورت ہو سکتی ہے کہ پاکستانی روپے میں کرنٹ اکاؤنٹ میں رقم بھجوا دی جائے، جس کے ساتھ متعلقہ بینک کو ہدایت ہوگی کہ سرمایہ کاروں کے ایف سی وی اے یا این آر وی اے میں اسی روز رقم ڈال دی جائے۔

د) منافع کی میعادی یا اصل رقم کی ادائیگی کی تاریخ پر تعطیل ہو تو اس کے بعد والے یومِ کار کو منافع کی میعادی / اصل رقم کی ادائیگی کا دن تصور کیا جائے گا۔ اس صورت میں تعطیلات کے عرصے کا کوئی منافع نہیں دیا جائے گا۔

**2۔ قبل از وقت انکیشمنٹ:**

الف) آئی این پی سی کے اجرا کے پہلے مہینے میں قبل از وقت انکیشمنٹ نہیں کی جا سکے گی۔

ب) پہلے مہینے کے بعد اور تین مہینے پورے ہونے سے پہلے قبل از وقت انکیشمنٹ سے جو رقم بنے گی اسے آئی این پی سی سی ایل کے اعلان کردہ انفکاک (redemption) کی تفصیلات کی بنیاد پر رعایتی نرخ پر آئی این پی سی کی دوبارہ خریداری کی بنیاد پر تیار کیا جائے گا۔

ج) تین ماہ کے بعد قبل از وقت انکیشمنٹ کی درخواستوں سے حاصل شدہ رقم آئی این پی سی سی ایل تیار کرے گی جس کی بنیاد تازہ ترین مکمل مدت والے آئی این پی سی پر لاگو ہونے والے اوزان کو بنایا جائے گا۔ مثال کے طور پر اگر 36 مہینے والے آئی این پی سی کی 12 ماہ سے پہلے قبل از وقت انکیشمنٹ کی جائے گی تو منافع نکالنے کے لیے ان اوزان کو بنیاد بنایا جائے گا جو 6 ماہ والے آئی این پی سی پر لاگو ہوتے ہوں گے، جبکہ 12 ماہ والے آئی این پی سی پر لاگو ہونے والے اوزان اُس صورت میں استعمال کیے جائیں

گے جب انفکاک 12 ماہ کے بعد ہو۔ زائد اوزان کی بنیاد پر کی گئی سابقہ کوپن ادائیگیاں ری پیمنٹ نرخ پر مناسب ڈسکاؤنٹ لاگو کر کے ایڈجسٹ کی جائیں گی تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ قریب ترین مکمل کردہ عرصے کے اوزان کی بنیاد پر منافع کی رقم سرمایہ کار کو حاصل ہو۔

د) قبل از وقت انکیشمنٹ کی درخواست سرمایہ کار کے متعلقہ ایجنٹ بینک کے توسط سے آئی این پی سی سی ایل کو بھجوائی جائے گی۔ بینک کسی ایک دن میں موصولہ تمام درخواستیں اکٹھی کرلیں گے اور منسلک فارم **ضمیمہ ای** پر اسٹیٹ بینک ڈی اے پی کے ذریعے آئی این پی سی سی ایل کو آگاہ کریں گے۔

ہ) اسٹیٹ بینک آئی این پی سی سی ایل کی درخواست پر کمرشل بینک کے یو ایس ڈی کلیئرنگ اکاؤنٹ یا پی کے آر کرنٹ اکاؤنٹ میں انکیشمنٹ کی خالص رقم T+2 ایامِ کار کی بنیاد پر بھیج دے گا جس میں T سے مراد ایجنٹ بینک کی طرف سے اسٹیٹ بینک کو درخواست جمع کرانے کی تاریخ ہے۔

و) درخواست کنندہ بینک جس دن اسٹیٹ بینک سے رقم اپنے اکاؤنٹ میں وصول کرے گا اسی دن سرمایہ کار کے ایف سی وی اے یا این آر وی اے میں جمع کرائے گا۔

**3۔ عرصیت پر انفکاک:**

الف) آئی این پی سی کی عرصیت پوری ہونے کی رقم، بشمول حتمی منافع کی رقم (ٹیکس نکال کر) سرمایہ کار کے بینک کے اسٹیٹ بینک میں موجود یو ایس ڈی کلیئرنگ اکاؤنٹ یا پی کے آر کرنٹ اکاؤنٹ میں بھیج دی جائے گی۔

ب) عرصیت کی رقم جب اسٹیٹ بینک میں موجود بینکوں کے کھاتوں میں آجائے گی تو بینکوں کی ذمہ داری ہوگی کہ متعلقہ سرمایہ کار کے ایف سی وی اے یا این آر وی اے میں اُسی روز بھجوادیں اور سرمایہ کار کے آئی پی ایس اکاؤنٹ سے ڈیبٹ کرادیں۔

**ہ۔ ایجنٹ بینکوں کا تقرر:**

الف) آئی این پی سی سی ایل اور ایجنٹ بینکوں کے مابین اسلامی نیا پاکستان سرٹیفکیٹ کی فروخت کے لیے ایجنسی معاہدے کے سلسلے میں بینک درج ذیل امور میں آئی این پی سی سی ایل کے ایجنٹ کے طور پر کام کریں گے:

i۔ مضاربہ معاہدے پر ڈیجیٹل عمل درآمد،

ii۔ سرمایہ کاروں سے سرمایہ کاری کی رقم وصول کرنا اور آئی این پی سی سی ایل کو منتقل کرنا،

iii۔ مضاربہ معاہدے کے بارے میں متفقہ واسطے پر ڈیٹا کی بروقت ترسیل بشمول تاہم اس سے ہٹ کر بھی، اوزان، شراکتِ منافع کا تناسب وغیرہ،

iv۔ جب بھی آئی این پی سی سی ایل سے موصول ہو، مضاربہ کے منافع کی سرمایہ کاروں کو بروقت ترسیل، اور

v۔ جب بھی آئی این پی سی سی ایل سے موصول ہو، انفکاک کی رقم (اگر ہو تو) کے ساتھ متعلقہ منافع کی رقم کی سرمایہ کار کو بروقت ترسیل۔

براہِ کرم وصولی سے مطلع کیجیے۔

آپ کا مخلص

(قادر بخش)

**ڈائریکٹر**